**07-04-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ شگفتہ یاسمین

---

**Music**

---

☆ مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما لوک سبھا انتخابات میں اپنے اپنے امیدواروں کیلئے حمایت حاصل کرنے کی غرض سے ملک کے مختلف حصوں میں متعدد ریلیاں اور روڈ شوز کر رہے ہیں۔

☆ BJP کے اعلیٰ رہنما اور وزیر اعظم نریندر مودی نے مغربی بنگال کے جلپائی گوڑی میں ایک عوامی میٹنگ کی۔ انھوں نے مدھیہ پردیش کے جبل پور میں ایک روڈ شو بھی کیا۔ ترنمول کانگریس کی صدر ممتا بنرجی نے بھی مغربی بنگال کے پرولیا میں ایک چناؤ ریلی سے خطاب کیا۔

☆ دوسرے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کیلئے امیدواروں کے ذریعے نام واپس لینے کا عمل کل ختم ہوجائے گا۔

☆ انتخابی کمیشن نے لوک سبھا انتخابات میں نوجوانوں اور شہری ووٹروں کی پولنگ میں شراکت داری کو بڑھانے کیلئے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر مختلف اختراعی مہم کا آغاز کیا ہے۔

☆ آج دنیا بھر میں صحت کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔

---

**Music**

---

اب خبریں تفصیل سے

**Rev. Campaigning**

مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما لوک سبھا انتخابات میں اپنے اپنے امیدواروں کیلئے حمایت حاصل کرنے کی غرض سے ملک کے مختلف حصوں میں متعدد ریلیاں اور روڈ شوز کر رہے ہیں۔ BJP کے اعلیٰ رہنما اور وزیر اعظم نریندر مودی نے آج سہ پہر مغربی بنگال کے جلپائی گوڑی میں واقع Dhupguri بلاک کے Jhumur کے مقام پر ایک عوامی ریلی میں شرکت کی۔ اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ وہ 2047 تک بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کیلئے 24 گھنٹے ساتوں دن کام کر رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ وکست بھارت کے وژن

کو حاصل کرنے کیلئے اُن کی زندگی کا ہر لمحہ، ملک کے تئیں وقف ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ لوک سبھا انتخابات، مرکز میں ایک مضبوط اور مستحکم حکومت قائم کرنے کیلئے ہو رہے ہیں۔

انھوں نے کہا کہ جب مرکز میں مستحکم حکومت قائم ہوگی تب بھارت پر دنیا کا اعتماد بھی مستحکم ہوگا۔ وزیر اعظم نے زور دے کر کہا کہ BJP کی قیادت میں NDA سرکار کی پالیسیوں نے غریبوں کی زندگی کو کافی آسان بنا دیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ گذشتہ دس سال کے دوران جو کام کئے گئے ہیں وہ محض ایک جھلک ہے۔ انھیں ابھی ملک کو آگے لے جانے اور بھارت کو دنیا بھر میں تیسری بڑی معیشت بنانے کیلئے بہت کچھ کرنا ہے۔

S/B 2045 PM Jalpaiguddi

انھوں نے کہا کہ ریاست کی حکمراں TMC سرکار، غریبوں کیلئے مرکز کی فلاحی اسکیموں کے نفاذ کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی کر رہی ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ آئی این ڈی آئی اے بلاک کے پاس ملک کی قیادت کرنے کا کوئی نظریہ نہیں ہے۔

دوسری طرف ترنمول کانگریس کی صدر اور مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے پارٹی امیدوار شانتی رام مہتو کی حمایت میں پرولیا لوک سبھا حلقے میں ایک عوامی میٹنگ کی۔

انھوں نے کہا کہ ترنمول کانگریس ریاست کی ترقی کیلئے پوری طرح عہد بستہ ہے۔ BJP کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے انھوں نے کہا کہ شہریت ترمیمی قانون CAA کے تحت لوگوں کو ان کے گھروں سے باہر کیا جائے گا۔

وزیر اعظم مودی نے آج شام مدھیہ پردیش کے جبل پور میں ایک روڈ شو کیا۔

اس سے پہلے جناب مودی نے بہار کے نوادہ پارلیمانی حلقے میں Kunti Nagar کے مقام پر ایک چناؤ ریلی سے خطاب کیا۔ یہاں اِس مہینے کی 19 تاریخ کو پہلے مرحلے کے تحت ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ریاست کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار اور NDA کی اتحادی پارٹیوں کے لیڈروں نے بھی اِس چناؤ ریلی میں شرکت کی۔ x

## 2nd Phase Nomination Withdrawal

دوسرے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کیلئے امیدواروں کے ذریعے نام واپس لینے کا عمل کل ختم ہوجائے گا۔ اِس مرحلے کے تحت اِس مہینے کی 26 تاریخ کو 12 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی 88 لوک سبھا کی سیٹوں کے ساتھ ساتھ باہری منی پور پارلیمانی حلقے کے بقیہ علاقوں میں پولنگ ہوگی۔ واضح رہے کہ باہری منی پور پارلیمانی حلقے کے کچھ علاقوں میں پہلے مرحلے کے تحت 19 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اس مرحلے کے تحت کیرالہ کی 20 سیٹوں، کرناٹک کی 14 سیٹوں، راجستھان کی 13 سیٹوں، اترپردیش اور مہاراشٹر کی آٹھ-آٹھ سیٹوں، مدھیہ پردیش کی سات سیٹوں، آسام اور بہار کی پانچ-پانچ سیٹوں، مغربی بنگال اور چھتیس گڑھ کی تین-تین سیٹوں، منی پور، تریپورہ اور جموں وکشمیر کی ایک-ایک سیٹ پر پولنگ ہوگی۔x

## Cong WB

کانگریس نے آج لوک سبھا انتخابات کیلئے تین امیدواروں پر مشتمل ایک فہرست جاری کی۔ پارٹی نے مغربی

بنگال میں پردیش بسواس کو Bangaon سیٹ سے، Azahar Molick کو Uluberia حلقے سے، جبکہ ڈاکٹر Papiya Chakarborty کو Ghatal سیٹ سے چناؤ میدان میں اتارا ہے۔ پارٹی نے مغربی بنگال میں Bhagabangola اسمبلی حلقے کے ضمنی چناؤ میں انجو بیگم کو یہاں سے اپنا امیدوار بنانے کا بھی اعلان کیا ہے۔x

## Bikarner Rajasthan Profile

لوک سبھا انتخابات کے دوران، ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے اہم پارلیمانی حلقوں کے انتخابی منظرنامے کی سیریز کے تحت آج ہم راجستھان کی بیکانیر لوک سبھا سیٹ سے متعلق ایک رپورٹ پیش کر رہے ہیں۔ راجستھان میں اِس مہینے کی 19 اور 26 تاریخ کو دو مرحلوں میں انتخابات ہورہے ہیں۔ بیکانیر پارلیمانی حلقہ ریاست کی اُن 12 لوک سبھا سیٹوں میں سے ایک ہے جہاں پہلے مرحلے کے تحت 19 اپریل کو پولنگ ہوگی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ..................

V/C Jitendra Dwivedi

بیکانیر لوک سبھا سیٹ بیکانیر ضلع کی سات اسمبلی سیٹوں کے علاوہ گنگا نگر ضلع کے انوپ گڑھ اسمبلی حلقے پر مشتمل ہے۔ اس پارلیمانی حلقے میں 20 لاکھ 48 ہزار سے زیادہ رائے دہندگان ہیں۔ آزادی کے بعد 16 لوک سبھا انتخابات میں سے کانگریس نے چھ مرتبہ جبکہ BJP نے چار مرتبہ یہاں جیت حاصل کی ہے۔ اس سیٹ سے چھ مرتبہ آزاد امیدواروں اور دیگر پارٹیوں کے امیدواروں نے بھی جیت حاصل کی ہے۔

1957 سے 1971 تک بیکانیر شاہی گھرانے کے ایک رکن Karni Singh اِس سیٹ سے آزاد امیدوار کے طور پر چار مرتبہ منتخب ہوئے۔ 2004 میں BJP ٹکٹ پر فلم اداکار دھرمیندر بھی اِس سیٹ سے جیت چکے ہیں۔

2009 میں حلقوں کی نئی حد بندی کے بعد یہ سیٹ درجِ فہرست ذاتوں کیلئے مختص کردی گئی، تب سے ارجن رام میگھوال BJP امیدوار کے طور پر لگاتار تین مرتبہ یہاں سے جیت چکے ہیں۔ اِس مرتبہ BJP، کانگریس اور بہوجن سماج پارٹی کے امیدواروں سمیت کُل 9 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ BJP نے ایک مرتبہ پھر ارجن رام میگھوال پر اپنا اعتماد قائم رکھا ہے۔ ان کا اصل مقابلہ کانگریس امیدوار گووند رام میگھوال سے ہے جو ریاستی سرکار میں وزیر بھی رہ چکے ہیں۔ اب سبھی کی نگاہیں اس بات پر مرکوز ہیں کہ کیا کانگریس پارٹی اس بار BJP کے جیت کے سلسلے کو روک پائے گی۔

جے پور سے جتیندر دیویدی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں مہتاب احمد

## J&K LS Election

جموں وکشمیر میں لوک سبھا انتخابات سے قبل اسپیشل آپریشنز گروپ SOG کی خاتون اہلکاروں پر مشتمل ایک چھوٹے دستے کو جموں میں تعینات کیا گیا ہے۔ SOG پولیس کی ایک خصوصی تربیت یافتہ شورش مخالف فورس ہے۔ زمینی سطح پر تعیناتی سے قبل یہ پولیس دستہ تین مہینے کی سخت ٹریننگ کے عمل سے گزرا ہے۔ اس دستے کو موٹر گاڑیوں کی چیکنگ اور شاہراہوں کی نگرانی کا کام سونپا گیا ہے۔ اس دستے کو سینئر آفیسروں کی ہدایت پر تعینات کیا جارہا ہے۔

یہ ٹیم زینی سطح پر اسپیشل آپریشنز گروپ SOG کی طاقت میں اضافے کا باعث بنے گی۔ جموں وکشمیر میں لوک سبھا انتخابات پانچ مرحلوں میں کرائے جارہے ہیں۔ جموں پارلیمانی حلقے میں دوسرے مرحلے کے تحت 26 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔x

## CDS TRI Service Coference

فوج کی تینوں شاخوں کی ایک اہم کانفرنس پریورتن چنتن کل نئی دلی میں منعقد ہوگی۔ اس کانفرنس کا مقصد مشترکہ اور مربوط کوششوں کو آگے بڑھانے کے لیے جدید افکار و خیالات، اقدامات اور اصلاحات کو بروئے کار لانا ہے۔ دفاعی عملے کے سربراہ جنرل انیل چوہان دن بھر چلنے والی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ فوج کی تینوں شاخوں کے تمام ادارے کے سربراہوں کی اب تک کی یہ پہلی کانفرنس ہے۔ فوج کی مختلف شاخوں کے افسر اپنی وسیع سمجھ بوجھ اور تجربات کے ذریعہ حالات سے تیزی کے ساتھ نمٹنے کے لیے مشترکہ اور مضبوط کوششوں کے اہداف کے حصول کی خاطر اقدامات کی سفارش کریں گے۔ وزارت دفاع نے کہا ہے کہ بھارتی مسلح افواج نے مستقبل کی متوقع جنگوں کے لیے تیار رہنے کی اپنی جستجو میں ایک بڑی تبدیلی کا آغاز کر دیا ہے۔

مشترکہ اور مربوط کوششوں کے فروغ کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ فوج کی تینوں شاخوں کو کثیر سطحی کارروائیوں کے قابل بنانے کے لیے ڈھانچہ جاتی تبدیلیاں بھی کی جارہی ہیں۔x

## ECI Special Media

انتخابی کمیشن نے آنے والے عام انتخابات میں نوجوان رائے دہندگان اور شہروں میں رہائش پذیر ووٹروں کو وسیع پیمانے پر پولنگ کے عمل میں شامل کرنے کے لیے سوشل میڈیا پر کئی جدید اور اختراعی مہم کا آغاز کیا ہے۔ انتخابی کمیشن Turning 18 اور You are the one مہموں اور بھارتی انتخابی کمیشن کی مشہور شخصیات اور تشہیر کردہ مواد کے اشتراک سے ووٹروں کی شمولیت کے پیغامات کو عام کر رہا ہے۔ بھارتی انتخابی کمیشن کی مہم Turning 18 کا اہم مقصد آنے والے انتخابات میں شریک ہونے کے لیے نوجوانوں کو متحرک کرنا اور شہری اور نوجوان ووٹروں کی ووٹنگ کے تئیں بے رغبتی کے اہم مسئلہ سے نمٹنا ہے جیسا کہ گذشتہ انتخابات میں دیکھی گئی تھی۔دوسری جانب You are the one مہم کا مقصد انتخابی عمل میں شامل مختلف فریقوں کی گراں قدر خدمات کا اعتراف کرنا ہے۔

انتخابی کمیشن نے انتخابی عمل سے وابستہ جھوٹی خبروں اور غلط اطلاعات کو روکنے کے لیے ایک خصوصی مہم کا بھی آغاز کیا ہے۔ اس وقت انتخابی کمیشن فیس بک، انسٹا گرام، X ، یوٹیوب، واٹس اپ اور Linkdin جیسے سوشل میڈیا کے تمام چینلوں پر موجود ہے۔x

## Vice President Bihar

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے آج نوجوان پیشہ ور افراد سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ 2047 تک ملک کو ترقی یافتہ بنانے کی کوششوں میں اپا کردار ادا کریں۔ جناب دھنکھڑ ے بہار میں IIM بودھ گیا کی چھٹی تقسیم

اسناد تقریب کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان دانشور اور طلبا بھارت کے مستقبل کے مشعل بردار ہیں۔ انہوں نے نوجوان طلبا سے درخواست کی کہ وہ بھارت کے ارتقاء کی کہانی میں نئے باب رقم کرنے کی خاطر اپنی صلاحیتوں اور جوہر کو نکھاریں۔ انہوں نے اپنی اہلیہ کے ساتھ بودھ گیا میں واقع عالمی شہرت یافتہ مہابودھی مندر میں پرارتھنا بھی کی۔×

**NIA WB Case**

قومی جانچ ایجنسی NIA نے مغربی بنگال کے Bhupatinagar بم دھماکے کے معاملے میں کل دو ملزمین کی گرفتاری کے بعد غیرقانونی کارروائی کرنے کے الزامات کو مسترد کر دیا ہے۔ NIA نے آج اپنے ایک بیان میں کہا کہ اس گھناؤنے جرم کے لیے جاری تحقیقات کے طور پر اُس کی کارروائیاں حقیقت پر مبنی، منصفانہ اور قانونی ہیں۔ NIA نے مزید کہا کہ یہ معاملہ دیسی بم کی تیاری سے متعلق ہے جس کی وجہ سے دسمبر 2022 میں Naruabila گاؤں میں تین افراد ہلاک ہوگئے تھے۔NIA نے اس بات کا اعادہ کیا کہ کل مغربی بنگال کے Naruabila گاؤں میں اُس کی ٹیم جب تحقیقات کی غرض سے گئی تو اُس پر ایک بے قابو بھیڑ نے حملہ کر دیا۔
اُس نے کہا کہ یہ حملہ کسی اشتعال کا نتیجہ نہیں تھا اور یہ ایجنسی کو اس کے قانونی فرائض کی ادائیگی میں رکاوٹ ڈالنے کی ایک کوشش تھی۔×

**World Health Day**

صحتمند طرز زندگی اور عالمی صحت خدمات تک رسائی کے تئیں بیداری پیدا کرنے کی غرض سے آج صحت کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔ اس سال کا موضوع ہے میری صحت میرا حق۔ اس کا مقصد معیاری صحت خدمات، تعلیم اور غیرمتعدی بیماریوں سے بچاؤ کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے۔ آکاش وانی نیوز سے بات کرتے ہوئے نئی دلی میں واقع ایمس کی ڈاکٹر Rima Dada نے کہا کہ طرز زندگی میں کلیدی تبدیلیاں لاکر اور یوگا جیسے طریقوں کو اپنا کر عام زندگی میں پیدا ہونے والی بیماریوں کو شکست دینے میں مدد مل سکتی ہے جو خاص طور پر نوجوانوں میں خطرناک حد تک بڑھ رہی ہیں۔

S/B - 1400-INT Dr Reema AIIMS

صحت کی اہمیت سے متعلق عالمی توجہ حاصل کرنے کے لیے عالمی یوم صحت پہلی بار عالمی صحت تنظیم کے ذریعے 1950 میں منائی گئی تھی۔ ×

**IMD Weather**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے اگلے چار روز کے دوران، ملک کے مشرقی، وسطی اور جزیرہ نما علاقوں میں ہلکی سے اوسط بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔موسمیات محکمے نے گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور جھکڑ دار ہوائیں اور ژالہ باری کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، مراٹھواڑہ، ودربھ،

جھارکھنڈ، مغربی بنگال میں گنگا کے میدانی علاقوں، اڈیشہ اور مہاراشٹر کے علاقوں میں آئندہ جمعرات تک بڑے پیمانے پر گرج چمک کے ساتھ اوسط درجے کی بارش ہوسکتی ہے۔ اِس دوران، پچاس کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ موسمیات محکمے نے پیشگوئی کی ہے کہ قومی راجدھانی دلّی میں کل تک تیز ہواؤں کے ساتھ آسمان صاف رہنے کا امکان ہے۔x

## Hockey

بھارت کے مردوں کی ہاکی ٹیم آج پرتھ میں پانچ میچوں کی سیریز کے دوسرے ٹیسٹ میچ میں آسٹریلیا سے دو کے مقابلے چار گول سے ہار گئی۔ کل بھارت کی ٹیم کو میزبان آسٹریلیا کے خلاف ایک کے مقابلے پانچ گول سے شکست ہوئی تھی۔x

## Israel Withdrawl

اسرائیل نے جزوی انخلاء کے تحت آج، جنوبی غزہ پٹی کے علاقوں سے اپنی زمینی افواج کو واپس بلا لیا۔ اسرائیل کا یہ اقدام گذشتہ 7 اکتوبر کو حماس کے حملے کے بعد شروع ہوئی چھ مہینے سے جاری تباہ کن جنگ کے بعد سامنے آیا ہے۔ تاہم اسرائیل کی فوج نے کہا ہے کہ فلسطین کے محصور علاقوں میں خاطر خواہ تعداد میں فوج موجود رہے گی تاکہ انٹلی جنس پر مبنی مخصوص فوجی کارروائی انجام دی جا سکے۔ قاہرہ میں جنگ بندی سے متعلق نئی بات چیت منعقد ہونے والی ہے۔ اِس سے قبل اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نتن یاہو نے کہا ہے کہ اسرائیل فتح حاصل کرنے سے اب ایک قدم دور ہے۔ اسرائیل کے وزیراعظم نے کہا کہ انہوں نے اپنی کابینہ سے کہا ہے کہ وہ یرغمالیوں کی رہائی کے بغیر کوئی جنگ بندی نہیں ہوگی۔

نتن یاہو نے زور دے کر کہا کہ اسرائیل سمجھوتے کے لیے تیار ہے۔ لیکن وہ خودسپردگی کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ عینی شاہدین کا کہنا ہے کہ خان یونس اور رفح کے علاقوں میں فضائی حملے رات بھر ہوتے رہے۔x

## China Military Drills

چین نے آج متنازعہ جنوبی بحیرۂ چین میں فوجی لڑائی مشق کا انعقاد کیا۔ چین کی پیپلز لبریشن آرمی کے جنوبی تھیٹر کمانڈ نے آج اِس بات کی تصدیق کی کہ وہ جنوبی بحیرۂ چین میں مشترکہ بحری اور فضائی جنگ کی نگرانی کا انعقاد کر رہی تھی۔ فلپائن، امریکہ، جاپان اور آسٹریلیا کی مشترکہ مشقیں بھی آج ہو رہی ہیں۔ یہ مشقیں امریکی صدر جوبائڈن کے فلپائن اور جاپان کے لیڈروں کے ساتھ پہلی سہ رخی سربراہ کانفرنس کے انعقاد سے پہلے ہو رہی ہیں۔ امریکہ کے وزیر دفاع Lloyd Austin نے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ فلپائن، امریکہ، جاپان اور آسٹریلیا کے ذریعے منعقد کی جا رہی مشقوں کا مقصد اِس بات کو یقینی بنانا ہے کہ تمام ممالک بین الاقوامی قوانین کے مطابق پرواز کرنے اور سمندر میں سفر کر سکے لیے پوری طرح آزاد ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆